چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر ایس عنایت علی شاہ
نقوی

دشمنوں نے مدینہ میں بھی چین سے بیٹھنے نہ دیا آخر کار تنگ آکر جنگ کیلئے تیار ہونا پڑا۔ کئی لڑائیاں ہوئیں۔ جن میں
شکست ہمیشہ ابوسفیان ہی کو ہوئی۔ حضرت محمدؐ کے پیروؤں کی تعداد اور ان کی طاقت برابر بڑھ رہی تھی۔ آخر
مکہ میں ایک ایسی فیصلہ کن جنگ ہوئی جس نے بنی امیہ کی طاقت بالکل توڑ دی۔ اب اپنی کمزوری کو چھپانے کیلئے
انھوں نے بھی قبول اسلام کی نقاب ڈال لی۔

اس شکست کے بعد ایک مدت تک بنی امیہ سر نہ اٹھا سکے۔ حضرت محمدؐ کے دوسرے خلیفہ حضرت عمرؓ نے
اپنی حکومت کے زمانہ میں ابوسفیان کے بڑے بیٹے یزید کو اور یزید کی وفات کے بعد اس کے بھائی معاویہ کو
امیر شام مقرر کیا۔ امیر معاویہ کی تقرری سے بنی امیہ کا زوال عروج سے بدلنے لگا۔ اور رفتہ رفتہ دولت
اور خصوصیت بھی ان کے قبضے میں آگئی۔ رسول عربی کے تیسرے خلیفہ حضرت عثمان خود بھی امیہ ہی سے
تھے ان کے عہد حکومت میں بنی امیہ کو خوب عروج ہوا۔

جب حضرت علی رسولؐ کے چوتھے خلیفہ ہوئے تو ہوا کا رخ بدل گیا۔ آپ شاہانہ اقتدار کے باوجود
فقیرانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ ضرورت کے وقت یہودیوں کے باغوں میں پانی دے کر اپنی روزی پیدا
کرتے تھے مگر قومی خزانہ میں ہاتھ نہ لگاتے تھے۔ اب یہ کہاں ممکن تھا کہ کوئی فرد یا کوئی جماعت بیت المال
سے بے استحقاق متمتع ہو سکے چنانچہ سرداران عرب کو جو وظیفے بیکار رل رہے تھے وہ سب آپ نے بند
کر دیئے۔

حضرت علی حضرت ہاشم کے پرپوتے اور پیغمبر عرب یعنی حضرت محمدؐ کے چچا زاد بھائی تھے۔ اولادِ
ہاشم کی حکومت یوں ہی بنی امیہ کیلئے قابل برداشت نہ تھی اس پر حضرت علی کی سخت گیری۔ نتیجہ یہ
ہوا کہ مخالفت کی چنگاریاں دیکھتے دیکھتے جنگ کی آگ بھڑک اٹھی اور بنی امیہ نے حاکم شام امیر معاویہ
کی سرکردگی میں حضرت علی سے کئی لڑائیاں لڑیں۔ حضرت علی اسلام کے سب سے بڑے سپاہی اور فنون
جنگ کے سب سے بڑے ماہر تھے۔ میدان ہمیشہ انھیں کے ہاتھ رہا۔ جب تیغ و شمشیر سے مقصد حاصل نہ ہوا
تو عیاری اور مکاری کے حربے استعمال ہونے لگے۔ آخر ماہ رمضان ۴۰ھ میں حضرت علی مسجد کوفہ میں
نماز صبح کے وقت ایک مسموم حربے سے شہید کر دیئے گئے۔

حضرت علی کی شہادت سے بنی امیہ کا راستہ کسی قدر صاف ہو گیا لیکن بنی ہاشم تقدس، روحانیت، خلوص
اخلاق میں بنی امیہ سے کہیں افضل تھے اور رسول کی قرابت کا شرف صرف انھیں کو حاصل تھا۔ اس لیے روحانی
سیادت کا بنی ہاشم سے بنی امیہ میں منتقل ہو جانا اب بھی مشکل تھا چنانچہ حضرت علی کے بعد ان کے بڑے بیٹے حضرت حسن
خلیفہ بلا فصل تسلیم کر لیے گئے۔

(باقی آئندہ)

چندہ سالانہ ع

بیرون ہند سے

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ

اسلامی دنیا

زیر سرپرستی

حضرت قمر الواعظین لسان الملۃ ناصر الشریعت ثقۃ الاسلام مولانا مولوی محمد لقاء علی صاحب حیدری مدظلہ العالی

مینیجر مسئول حکیم ڈاکٹر مولوی سید عنایت علی شاہ نقوی ایل۔ڈی۔ای۔ایم۔ایس۔ایس۔ایچ۔ای۔ایچ۔پی لکھنؤ

جلد ۹

بابتہ ماہ جولائی و اگست و ستمبر ۱۹۴۲ء

نمبر	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	شذرات	مدیر	۲
۲	جلسہ ہائے یادگار حسینی	حسن افضل بدر نائب مدیر	۲-۱۰
۳	حسین کا پیغام عالم انسانیت کے نام	حضرت سید العلما مدظلہ العالی (گزشتہ سے پیوستہ)	۱۱-۱۳
۴	واقعہ کربلا اور اس کے نتائج	از علامہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی ادیب ایم۔اے صدر شعبہ فارسی لکھنؤ یونیورسٹی	۱۴-
۵	حرم پاک (نظم)	از علیہ مہد نواب سردار بیگم، اختر حیدرآبادی	۱۵
۶	سلام	سید محسن صاحب لکھنوی، از حیدرآباد	۱۶
۷	″	نواب محمد معین خاں صاحب بہادر نعیم جاگیردار حیدرآباد	۱۶
۸	منقبت	حضرت حافظ محمد یوسف علی خاں صاحب عزیز الملک سیمابی امام مسجد	۱۷-
۹	حضرت امام حسین ؑ	حضرت مولانا رحم سجے پور	۱۷-۲۰
۱۰	خدا کی پروردگاری	مولوی عنایت اللہ صاحب روشن بدایونی	۲۰

شذرات

اسلامی دُنیا کا چھٹا سال شروع ہو چکا ہے پہلے نمبر کی ابتدا جون سے کی گئی۔ چونکہ چند ماہ کا درمیان میں فاصلہ اشاعت میں ہو گیا تھا اس لیے سال نو بجائے مارچ کے جون سے شروع کیا گیا۔ خیال تھا کہ جولائی کا پرچہ بروقت شایع کر کے آئندہ ماہ بماہ پرچہ شایع کرتے رہیں گے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ہمارے رسالے کے گردش کے ایام ختم نہیں ہوئے ہیں۔ نہ کاغذ اب تک ملا ہے نہ خریدار صاحبان کو توجہ کا موقع ملا۔ لیکن ہم بھی ہیں دھن کے پکے جب تک ہمارے کم توجہ پانے والے خریدار صاف انکار نہ کر دیں گے اُس وقت تک ہم اُن کے پاس رسالہ بھیجتے رہیں گے دیکھیں کب تک توجہ نہ فرمائیں گے۔ سارا ملک اقتصادی کشمکش میں ہے اور اس کا اثر قومی اور مذہبی اداروں پر سب سے زیادہ ہے۔ ہمارا غریب ادارہ بھی اُن میں سے ایک ہے آخر یہ کس طرح سے زد سے بچ سکتا تھا۔ جہاں ہمکو کم توجہ حضرات کا شکوہ یا گلہ ہے وہاں ناشکرگزاری ہوگی اگر توجہ فرمانے والے حضرات کا شکریہ صمیم قلب سے ادا نہ کریں خدا جزائے خیر دے اُن تمام حضرات کو جو خدمت دینی کی اہمیت کا صحیح اندازہ فرما کے دینی اداروں کی ہمت افزائی فرماتے رہتے ہیں۔ ہم یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم جبریہ بھرتی کے قائل نہیں ہیں ایسے لوگ وقت پر دھوکا دے جاتے ہیں۔ اس لیے ہمارے رسالے کے خریدار صرف وہ حضرات ہیں جنھوں نے کمال خوشدلی سے رسالے کا اجرا منظور فرمایا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بعض حضرات کو اب تک چندہ بھیجنے کی طرف توجہ کا موقع نہ ملا ہے۔ ہم ایک امر تنبیہاً ان حضرات کو متوجہ کرنا چاہتے ہیں جنھوں نے اپنا فوٹو بغرض اشاعت دیا تھا کہ وہ اپنے ذمہ کا روپیہ جلد بھیج دیں جو فوٹو ابھی شایع نہیں ہوئے ہیں اُن میں سے اکثر کے بلاک تیار ہو گئے ہیں اور اشاعت صرف رقم کے وصول ہونے پر ملتوی رکھی گئی ہے البتہ ان حضرات پر ضرور گراں ہوگا جنھوں نے رقمیں ادا کر دی ہیں لیکن فوٹو ابھی شایع نہیں ہو سکے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کسی خاص نمبر میں یا رفتہ رفتہ فوٹو شایع کیے جائیں گے جن حضرات کی رقوم وصول ہو چکی ہیں اور فوٹو شایع نہیں ہوا ہے اُن سے ہم تاخیر کی معافی کے طالب ہیں بہت جلد شایع کرنے والے ہیں۔ (خاکسار ایڈیٹر)

جلسہ ہائے یادگار حسینی

(از حسین افضل عبدی نائب مدیر اسلامی دنیا)

گزشتہ اشاعت میں ہم نے وعدہ کیا تھا کہ ان جلسوں کی کارروائی آئندہ درج کی جائیگی
جن میں حضرت قمر الاعظمین نے شرکت فرمائی اور اپنی بصیرت افروز تقاریر سے عام و خاص مجمع
پر وہ اثر پیدا کیا جو یادگار رہیگا۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس سلسلہ میں حضرت سید العلماء مدظلہ العالی
کا نام خصوصیت کے ساتھ ذکر کے قابل ہے آپ کی تقریر ہر حیثیت سے ہر مقام پر مکمل تھی اور دعوے کے
ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ سارے ملک میں جتنی تقریریں مختلف جلسوں میں ہوتی ہیں ان سب
میں جناب کی تقریر گل سرسبد ہے اور ہونا بھی ایسا ہی چاہیے تھا لیکن حضرت قمر الاعظمین
کی تقاریر بھی ان تمام جلسوں میں جن میں آپ نے شرکت فرمائی تھی بیحد مقبول خاص و عام ہوئیں
مشکل سے ہندوستان کا کوئی مشہور مقام ایسا نکلے گا جہاں یہ مبارک جلسے قائم نہ کیے گئے ہوں
اور وہاں عام طور پر اہالیان شہر نے دلچسپی کا اظہار نہ کیا ہو۔ جن جلسوں کی روئداد ہمارے دفتر
میں موصول ہوئی ہے اس کو ہم باوقات مناسب شائع کریں گے۔ ان جلسوں سے بعض حضرات
کو اختلاف بھی ہوا اور اکثر نے تو بلاتکلف فرما دیا کہ یادگار تو حسینی سالانہ محرم میں منائی جاتی ہے پھر اس سال
کی یادگار کو اتنی کیوں اہمیت دی جائے۔ بعض حضرات نے دریافت کیا کہ یادگار سے کیا مراد ہے
اور کیا شئے یادگار کو ظاہر کرنے کے واسطے منائی جاتی ہے۔ کہنے والوں کو جواب مناسب دیا گیا
لیکن اندیشہ ہے کہ کہیں غلط فہمی اب بھی باقی نہ رہ جائے اس لیے ہم بھی اپنی حیثیت کے مطابق
جواب شائع کرنے کی جرأت کرتے ہیں۔ لکھنؤ کا مرکزی ادارہ اس سے بہتر جواب دے سکیگا۔

(۱) اس میں شبہ نہیں کہ ہر سال ماہ محرم میں مجالس عزا کی بنا کی جاتی ہے۔ عزاخانے جہاں بھی
ہیں ان کو آراستہ کیا جاتا ہے اور صف ماتم بچھائی جاتی ہے اور یہ سب یادگار ہی ہے۔ لیکن اس قسم
کے سوال کرنے والے کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یادگار کا مفہوم اور مقصد کیا ہوتا ہے اور ہونا چاہیے صرف

چند مخصوص مقامات پر ایک خاص جماعت کی قیادت میں مجالس کا انعقاد عمومی حیثیت نہیں رکھتا
اور "یادگار" کے مقصد کو پورا نہیں کر سکتا۔ یقیناً مجالس عزا بہترین ذریعہ یادگار ہو سکتی تھیں لیکن
اپنی مجالس کو مخصوص دائرہ کے واسطے محدود کر دیا۔ حضرت سید الشہداء علیہ السلام سے جو لوگ واقف
نہ تھے یا کم واقفیت رکھتے تھے یا تجاہل عارفانہ کرنے کے عادی ہو گئے تھے ان کو شرکت کرنے۔
سننے اور سمجھنے کا موقع کم دیا گیا۔ اور اسی کا سبب ہے کہ آج مسلم حضرات کو مجالس عزا کی مخالفت
کرنے کا موقع ہاتھ آ گیا اور انھوں نے اس مخالفت میں طرح طرح کے کام کئے گویا ہماری مجالس سالانہ
صدیوں سے برابر جاری رہنے کے باوجود اب تک "یادگار" کی حیثیت حاصل نہ کر سکیں جلسہ ہائے یادگار
نے دنیائے انسانیت سے بلا تفریق مذہب و ملت تسلیم کرا لیا کہ جلسہ ہائے یادگار حسینی واقعی یادگار رہ
ہینگے۔ آج تک دنیا کے پردے پر کسی "ہیرو" کی یادگار اگر اس صورت سے منائی گئی ہو تو تاریخ اپنے
صفحات کو پیش کر کے ہمارے دعوے کی رد کر دے۔ مذاہب عالم کے پیرو کسی نہ کسی بزرگ ہستی کو
اپنا ہیرو مانتے ہیں خود مسلمانوں میں پچاسوں فرقے ہیں اور ہر فرقہ کسی نہ کسی کو اپنا ہیرو تسلیم کرتا ہے
اور اس کی بزرگداشت کے واسطے ہمہ تن مصروف ہے۔ اس کی یادگاریں مختلف عناوین اختیار
کرتا ہے۔ کوئی فرقہ اپنے بزرگ کی یادگار میں عمارت بنواتا ہے۔ کوئی پارک بنواتا ہے۔ کوئی شاہراہ، یا
اسٹریٹ بنواتا ہے کوئی کنواں بناتا ہے کوئی شفاخانہ مدرسہ یا کتب خانہ وغیرہ قایم کرتا ہے کوئی
اس ہیرو کا مجسمہ بنا کر کسی گزرگاہ عام پر یا کسی مشہور اور معروف مقام پر نصب کراتا ہے۔ کوئی یتیم خانہ
وغیرہ قایم کرتا ہے لیکن یہ تمام یادگاریں ایک مخصوص اور محدود طبقہ کے واسطے مفید اور دلچسپی کا سامان
فراہم کرنے والی ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہنومان بلڈنگ بمبئی۔ محمد علی پارک الہ آباد۔ کیننگ اسٹریٹ
لکھنؤ۔ جے جے ہاسپٹل بمبئی۔ D.A.V. کالج یا اسکول مقامات مختلفہ پر۔ ہارڈنگ لائبریری دہلی۔ ملکہ وکٹوریہ
کا بت مختلف مقامات پر مختلف شہروں کے یتیم خانے۔ گروکل کانگڑی وغیرہ۔ الہ آباد و دیگر مقامات
پر پاٹ شالہ وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ یہ سب چیزیں مختلف خصوصیات کی مالک ہیں لیکن ان میں سے مشکل
سے کسی ایک چیز کا اثر جس کو کسی خاص طبقہ نے بنایا یا قایم کیا ہو دوسرے طبقہ کے اشخاص پر ہوگا
اور یہ چیز بالکل فطری ہے اس میں چون و چرا کی گنجایش نہیں ہے۔ مسلمانوں کے مختلف فرقے اپنے مشاہیر
کی یادگاریں خانقاہیں۔ مدرسے وغیرہ قایم کیے ہوئے ہیں اور مخصوص ایام میں وہاں سالانہ اجتماع
بھی ہوتا ہے اور ایک دن دو دن یا ایک ہفتہ دو ہفتہ خوب چہل پہل رہتی ہے لیکن کسی دوسرے طبقہ
کے اشخاص یا گروہ کو نہ کوئی دلچسپی ہوتی ہے نہ اس یادگار کا اثر عام ہے کچھ دنوں سے عزاداری حضرت

سید الشہدا علیہ السلام کو جو ایک یادگار کی صورت اختیار کر رہی تھی بعض ناعاقبت اندیش مسلمانوں
نے بند کرانے کی ناکام کوشش شروع کی جو سلسلہ اب تک جاری ہے۔ پہلے تو بذریعہ اشتہارات،
اخبارات، رسائل و تقاریر ذکر مصائب حضرت سید الشہدا کو روکنے، بند کرانے یا اس کے اثرات کو
محدود کرنے میں بعض نامی اشخاص میدان میں کود پڑے اور ان سب کو اس بات کی کد تھی کہ جس
طرح سے ہو عزاداری مظلوم کربلا کو ٹھیس لگ جائے۔ اس واسطے علاوہ متذکرہ بالا عنوانوں کے لکھنؤ
سے "مدح صحابہ" کے نام سے ایک تحریک شروع کی گئی جس کے نتائج اخبار بین حضرات سے پوشیدہ
نہیں۔ یہ مدح صحابہ حقیقتاً سیاسی اشخاص نے اپنا آلہ کار بنا کے ملک کے عرض و طول میں فساد برپا
کرنا شروع کیا اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔ اب اسی جماعت نے یہ قصد کیا ہے کہ جہاں جہاں پر
شیعہ اقلیت ہو وہاں کسی بزرگ صحابی کے نام سے کوئی دن مقرر کیا جائے اور جلسے کیے جائیں اور
رفتہ رفتہ وہی صورت پیدا کر دی جائے۔ جو لکھنؤ یا جونپور میں ہو چکی ہے چنانچہ بدایوں میں بھی اس قسم کی
ایک تحریک پیدا ہوئی۔ ہم نے وہ اشتہار نہیں دیکھا جس میں مولانا عبدالحامد صاحب مع دیگر حضرات
کے داعی بتلائے جاتے ہیں لیکن شہر میں خبر گرم تھی کہ "یوم صدیق" کی زبردست تیاریاں ہو رہی
ہیں بہر کیف ایک اشتہار جو غالباً پہلے اشتہار یا اعلان کے بعد شائع ہوا شہر میں چسپاں کیا گیا اور تقسیم بھی ہوا
جس میں ہر محلہ اور ہر طبقہ کے اہلسنت کے دستخط یا بے پڑھے لکھے حضرات کے انگوٹھے کے نشان تھے
اور یہ اعلان کیا تھا کہ "بدایوں کو لکھنؤ نہ بناؤ" اس اشتہار میں مولانا عبدالحامد صاحب سے اپیل کی گئی
تھی کہ وہ بدایوں کو لکھنؤ کا نمونہ نہ بنائیں۔ بعد کو یہ معلوم ہوا کہ کچھ اور پوسٹر بھی اس گروہ کی طرف سے
یا اس گروہ کی تائید کرنے والوں کی طرف سے شائع ہونے والے ہیں جس نے "یوم صدیق" کی تحریک
شروع کی تھی اور اس سلسلہ میں یہ کوشش کی گئی کہ بعض ناواقف معاملہ شیعہ حضرات سے یہ باور کرا کے
دستخط کرا لیے گئے کہ "یوم صدیق" سے یا اس قسم کی تحریک سے شیعوں کو اختلاف نہیں ہے۔ اس خبر کے
معلوم ہونے پر مولوی محمد اقتدار عالم صاحب ایڈووکیٹ نے ایک جلسہ میں صورت حال پیش کر کے
حاضرین سے خواہش کی کہ وہ جو کام کریں منظم حیثیت سے کریں انفرادی صورت میں کام کے خراب
ہو جانے اور مقصد کے فوت ہونے کا اندیشہ ہے حاضرین نے اس سے اتفاق کیا۔ ایک کاغذ پر
کچھ تحریر لکھی گئی جس کا منشا یہ تھا کہ "یوم صدیق" ایک جدید تحریک ہے اور اس سے آئندہ فساد کا
اندیشہ ہے اس لیے ہم دستخط کنندگان کو اختلاف ہے۔ خوش قسمتی سے یا بدقسمتی سے شیعیان بدایوں
باوجود قلیل التعداد ہونے کے ہمیشہ عام اسلامی معاملات میں پیش پیش رہتے ہیں اور دوسرے

قدم سے سنّی ہمیشہ ایسے اقدامات کرتے رہے ہیں جن سے امن عام برقرار رہے اور شہر میں کوئی فساد نہ ہو۔ اگر کبھی ہندو مسلم فساد ہوا جس نے خطرناک صورت اختیار کی تو اس میں شیعہ ہی سب سے آگے نظر آئے۔ چھوٹے واقعات کا تذکرہ تو بے محل ہے بدایوں کی تاریخ میں "حسینی گلی" سے متعلق واقعات جب تک یاد رہیں گے حضرت خال المعظم مولوی طفیل احمد صاحب مرحوم کا نام باقی رہے گا۔ جامع شمسی کا اب جو چاہے انتظام کرے لیکن اپنی گاڑھی کمائی کا ہزاروں روپیہ صرف کر کے اسی محترم ہستی نے جامع مسجد کی ایسی مرمت اور درستی کرادی جو صدیوں تک باقی رہے گی۔ میں شیعہ ہوں اور اس پر مجھے فخر بھی ہے لیکن میں ہرگز کسی سنّی بھائی کو مدح صحابہ کرتے ہوئے دیکھ کر نہ تنگ دل ہوا نہ احتمال ہے۔ اپنے ذاتی عقائد کے مدنظر ہر شخص اپنے محبوب کے اوصاف بیان کرنے کا حق رکھتا ہے اور مجھے اس سے اختلاف کا کوئی حق نہیں ہے۔ عام محافل میلاد شریف میں، جمعہ کے خطبہ میں مساجد میں خانقاہوں میں عرسوں کے موقع پر ہمیشہ مدح صحابہ ہوتی ہے اور ہوا کرے کسی شیعہ کو ناگوار نہیں ہو سکتا۔ میں خود ایسے جلسوں میں شریک ہوا ہوں جن میں نعت خوانوں نے اور مقررین نے مدح صحابہ کی اور میں کبھی کانوں میں انگلی دے کر وہاں سے نہ بھاگا لیکن کوئی ایسا جدید فعل جس سے احتمال نقض امن یا فساد ہو ہر با فہم انسان کو پسند نہ آئے گا۔ "یوم صدیق" کی توجیہ ہماری سمجھ میں نہیں آئی۔ اگر یہ اسی روز منایا جا رہا ہے جو اس بزرگ صحابی کا یوم وفات تھا تو آج ۱۳ سو سال کے بعد یہ خیال کس بنا پر پیدا ہوا۔ گزشتہ ۱۳ صدیوں میں ملک کے عرض و طول میں کتنے "یوم صدیق" منائے گئے اور کس کس جگہ اور ان میں کیا عنوان رہا۔ اس تفصیل کے معلوم ہونے کے بعد ہم دوسرا بیان شائع کریں گے لیکن ہمیں یقین ہے کہ اس سوال کا جواب انشاء اللہ تعالیٰ کچھ نہ آئے گا تو اب یہ یوم صدیق یقیناً کوئی ایسی تحریک سمجھا جائے گا جس کی تہ میں کوئی خاص شے پوشیدہ ہو۔ ورنہ اگر صرف اس قدر ہوتا کہ اس بزرگ صحابی کے یوم وفات پر ان کی روح مقدس کو ثواب پہنچانے کی غرض سے یہ اہتمام تھا تو مسجدوں میں قرآن خوانی محفلوں میں میلاد خوانی۔ خانقاہوں میں قوالی وغیرہ سے یہ غرض پوری ہو سکتی تھی اس سے نہ کسی سنی کو اندیشہ فساد ہو سکتا تھا نہ شیعہ کو اختلاف۔ مشاہیر اہل سنت بدایوں کا اختلاف اور پوسٹر شائع کرنا اس امر کا بیّن ثبوت ہے کہ کوئی شے در پردہ تھی۔ مولانا عبد الماجد صاحب ہمارے قدیم کرم فرما ہیں اور شیعہ روساء سے ان کے کافی تعلقات ہیں جن میں سرکار راجہ صاحب سلیم پور کا نام نامی خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ مولانا سے ہمکو ہرگز ایسی امید نہ تھی نہ ہے کہ وہ مولوی عبد الشکور مدیر النجم کے داؤ میں آکر کوئی ایسا اقدام کریں گے جس سے فساد کا اندیشہ ہو۔ لوگ کہتے ہیں کہ مولوی

عبدالشکور نے یہ پروپاگنڈا کرایا ہے۔ ہمیں اس میں شبہ ہے۔ ہمیں اس کا افسوس ہے کہ مولانا عبدالحامد
صاحب کے اعلان یا اشتہار کے خلاف کوئی پوسٹر شایع کیا گیا لیکن ہمیں اس کا بھی صدمہ ہے کہ مولانا عبدالحامد صاحب
کا اعلان یا اشتہار کچھ ایسی صورت اختیار کیے ہوئے تھا کہ خود حضرات اہل سنت والجماعت اُس کے
مخالف ہوگئے اور انھوں نے اُس کو فساد آفریں سمجھا۔ ہمیں یہ معلوم کرکے بیحد حیرت ہوئی کہ بعض
ذمہ دار اہل سنت نے ایک با اثر شیعہ بزرگ سے یہ مطالبہ کیا کہ ہم نے یوم حسین میں آپ کی شرکت
کی ہے اب "یوم صدیق" میں ہماری شرکت کیوں نہیں کرتے اور اس سے آپ کو کیوں اختلاف ہے
اُن بزرگوار نے تو جو مناسب محل جواب سمجھ میں آیا دیا لیکن ہم اس موقع پر یہ کہے بغیر باز نہیں رہ سکتے
کہ اُس بزرگ نے یہ سوال کرنے کی ہمت کیوں کی "یوم حسین" اور "یوم صدیق" دو بالکل متضاد و بعید
چیزیں ہیں۔ حضرت ابوبکر میرے مورث اعلیٰ تھے کیونکہ میں حضرت محمد بن ابی بکر کی اولاد میں ہونے کا شرف
رکھتا ہوں لیکن میں اچھی طرح جانتا ہوں اور حقیقت ہے کہ حضرت ابوبکر سے کامل عقیدت رکھنے والا
سُنی بھی اُس بزرگوار کی مبارک زندگی کو تمام عالم انسانیت کے واسطے سبق آموز اور نمونہ نہیں سمجھتا بخلاف
اس کے شیعہ نہیں سنی نہیں بلکہ ہندو عیسائی۔ پارسی اور دنیا کی تمام دوسری قومیں حضرت سید الشہدا
کو کمال انسانیت کا نمونہ اور دنیائے انسانیت کے واسطے بہترین نمونہ تسلیم کرتے ہیں۔ یادگار حسینی کے جلسے جو اس
سال ملک کے عرض و طول میں ہو رہے ہیں انھوں نے ثابت کر دیا بلکہ دنیا سے تسلیم کرا لیا کہ حضرت سید الشہدا
علیہ السلام کی شخصیت مشاہیر عالم میں منفرد ہے۔ اب "حسین ڈے" کا تقابل کسی دوسرے ہیرو کے دن سے یقیناً
تاریخ سے ناواقفیت یا پردہ پوشی ہے۔ بمبئی کراچی اور اکثر دیگر مقامات کے جلسوں کی کارروائی انگریزی و
گجراتی اخبارات میں شایع ہوئے لیکن بعض مقامات کی تفصیلی کیفیت کسی اُردو اخبار میں شایع نہ ہونے کی
وجہ سے اُردو داں حضرات کو علم نہ ہو سکا کہ "یادگار حسینی" کے سلسلہ میں کیا ہوا اس لیے ذیل میں ہم چند جلسوں
کی کارروائی کا خلاصہ درج کریں گے جس سے ظاہر ہو سکے کہ "جلسہ ہائے یادگار" واقعی یادگار ہوئے۔ کاٹھیاواڑ
کے علاقہ میں ہندو ریاستوں کی کثرت ہے اور اگرچہ بعض ریاستیں مسلم روسا کے زیر نگیں ہیں لیکن افسوس کے ساتھ
کہنا پڑتا ہے کہ ان اسلامی ریاستوں میں نجدیت کا ایسا اثر تھا کہ وہاں جلسہ ہائے یادگار کی بنا علی الاعلان
صدر مقامات پر نہ ہو سکی اگرچہ چھوٹے چھوٹے مقامات پر جلسے ہوئے اور اپنی حد تک بہت کامیاب ہوئے
مختلف مذاہب کے نمائندے شریک ہوئے تقریریں کیں نظمیں پڑھیں اور حضرت سید الشہدا علیہ السلام کی
مقدس سیرت پر عمل پیرا ہونے کا حاضرین نے عہد کیا۔ کاٹھیاواڑ میں بھاؤنگر اور جام نگر کے جلسے واقعی
یادگار رہیں اور دہلی اور بمبئی کے جلسے سے زیادہ شاندار نہیں تو اُن کے لگ بھگ ضرور تھے۔ بھاؤنگر ایک

ہندو ریاست ہے اور یہاں کے رئیس اپنی ہردلعزیزی کے واسطے دور دور مشہور ہیں اس ریاست میں
صرف چند گھر اثنا عشری خوجہ حضرات کے ہیں جنھوں نے اپنی رواداری اور اخلاق کی بنا پر دوسری
قوموں کے دلوں میں گھر کر لیا ہے افسوس ہے کہ اس جگہ خوجہ جماعت میں قلت کے باوجود پارٹی بندی
ہے لیکن چند با اثر حضرات کی کوشش کا یہ نتیجہ تھا کہ ایسا شاندار جلسہ ہوا جو کاٹھیاواڑ کی تاریخ میں نظیر نہیں
رکھتا۔ ۲۶ر اور ۲۷ر فروری دو جلسے ہونا قرار پائے تھے جلسہ کی صدارت مسٹر ٹینی وزیر ریاست نے کی
تھی مختلف ریاستوں کے نمائندے شریک جلسہ تھے بمبئی کے رئیس التجار سیٹھ حاجی داؤد حاجی ناصر جے
پی مجسٹریٹ درجہ اول باوجود کمال مصروفیت کے تشریف لائے تھے آپ کا ایک بہت بڑا کارخانہ
کینوس شو فیکٹری (CANVAS SHOE FACTORY) اسی ریاست میں رہا ہے اور اب بھی اس کے آثار باقی رہ گئے ہیں
[illegible] مقامی حالات کی بنا پر ملتوی ہے۔ مصور فطرت حضرت خواجہ حسن نظامی زاد فضلہ حضرت قمر الو
اعظین مولانا ناصر علی حیدری مدظلہ حضرت ناصر الدین صاحب رشید قمرابی حیدرآبادی بھی مدعو تھے۔ ۲۰ فروری [illegible]
کو دس بجے تمام کے سیٹھ حاجی داؤد بھائی اور مولانا قمر الواعظین مدظلہ العالی وارد بھاؤنگر ہوئے اسٹیشن پر
تین ہزار ایک جماعت نے خیر مقدم کیا۔ معزز مہمانوں کو ہار پہنائے گئے اور بھاؤنگر کے اسٹیشن پر استقبال
کے واسطے ہزاروں اشخاص کا مجمع تھا سیٹھ صاحب تو سرکاری مہمان خانہ میں بدور است تشریف
لے گئے اور مولانا حیدری مدظلہ العالی جلوس کے ساتھ روانہ ہوئے اس قدر شاندار جلوس تھا کہ دیکھنے والے
دیر تک تعریف کر رہے تھے۔ رفتہ رفتہ اس قدر مجمع کثیر ہوا کہ راستہ بند ہو گیا۔ مولانا حیدری مدظلہ العالی
کو جلوس کے ختم سے قبل قیام گاہ پہنچا دیا گیا تاکہ آپ ضروریات سے فارغ ہو کر جلسے میں شرکت فرما سکیں
بعد مغرب جلسہ شروع ہوا۔ تحریک صدارت و تائید کے بعد مسٹر ٹینی کرسی صدارت پر آئے۔ کار روائی
جلسہ شروع ہوئی۔ تلاوت کلام پاک سے ابتدا ہوئی ہندو مسلم پارسی عیسائی حضرات نے مختصر تقریریں کیں
جن میں سے ہر ایک میں یہ ظاہر کیا گیا کہ حضرت سید الشہداء علیہ السلام تنہا مسلمانوں اور بالخصوص شیعہ
حضرات کے ہادی و رہبر نہیں ہیں بلکہ عالم انسانیت کے رہنما ہیں۔ آج کے جلسے میں حضرت قمر الواعظین
کی تقریر خصوصیت کے ساتھ ذکر کے قابل ہے۔ آپ نے فلسفہ مشاہیر پرستی پر مختصر تبصرہ فرماتے ہوئے مشاہیر عالم
کا تذکرہ کیا اور بیان کیا کہ ان محترم ہستیوں کو دنیا کی مختلف قومیں اپنا اپنا ہیرو اور راہنما تسلیم کرتی
ہیں۔ عیسائی حضرت عیسیٰ کو، یہود حضرت موسیٰ کو، بدھ مذہب والے مہاتما گوتم بدھ کو اور ہندوستان
کے رہنے والے مہاراج رامچندر جی شری مہادیو جی اور مہاراج ہرشچندر جی مہاراج کرشن جی دیگر بزرگ ہستیوں کو اپنا پیشوا تسلیم
کرتے ہیں اور اپنے آپ کو ان سے منسوب کرنے میں بڑی عزت خیال کرتے ہیں۔ ان تمام مشاہیر کی

مقدس زندگیوں کے حالات مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اگرچہ اپنے اپنے مقام پر سب یکتائے زمانہ گزرے ہیں لیکن اپنے زمانہ اور آئندہ زمانہ کی تمام نسلوں کے واسطے یہ سب یا ان میں سے کوئی ایک کامل نمونہ پیش نہیں کر سکتے آج دنیا کے تمام مرد و زن حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا مہاتما بدھ یا [illegible] جی یا مہاتما [illegible] جی وغیرہ کی مقدس زندگی کو اپنا دستور العمل زندگی بنا کر کامیابی سے دو چار نہیں ہو سکتے۔ بعض صرف جوانوں کے واسطے بعض صرف ادھیڑ عمر کے انسانوں کے واسطے نمونہ ہو سکتے ہیں لیکن بچوں۔ نوجوانوں مستورات اور عورتوں کے واسطے ان تمام مشاہیر کی زندگی میں کوئی نمونہ نہیں ہے۔ انسانیت کاملہ کا نمونہ اگر ہے تو کربلا کے میدان میں نظر آتا ہے۔ کمال انسانیت سچائی ہے۔
انسان خود اپنی ذات۔ اپنے ماحول اور اپنے خدا کے واسطے اگر راست بازی کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے تو وہ انسان کامل کہے جانے کا مستحق ہو سکتا ہے کربلا کے میدان میں بچے۔ نوجوان۔ جوان۔ بوڑھے مرد اور عورتیں سچائی کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے اور آج اگر وہ نمونہ دنیا کے سامنے نہ ہوتا تو سچائی کی انتہائی منزل تک پہونچنے کے واسطے کوئی چارہ کار ہی نہ تھا۔ اس سلسلہ میں اپنے مشاہیر عالم کے مسلمات کو پیش کیا اور ثابت کیا کہ حضرت سید الشہدا سچائی کے علمبردار اور اپنے کمالات میں متفرد تھے آپ نے فرمایا کہ یہ جلسہ یادگار صرف خوبصورت اور وسیع پنڈال کی حد تک ہے۔ اجتماع کی حد تک ہے۔ پر جوش نظموں اور زلزلہ افگن تقریروں کی حد تک ہے یا اس سے بالاتر کوئی اور شے ہے آپ نے فرمایا کہ در اصل جلسہ یادگار کا مفہوم صرف یہ چیزیں نہیں ہیں بلکہ ہمارا جلسہ اس وقت جلسہ "یادگار حسینی" ہو سکے گا جب ہم کو یہ معلوم ہو کہ جس بزرگ ہستی کی یادگار منانے کے واسطے جمع ہوئے ہیں وہ کن کمالات کا مالک تھا اور ہم اس کے کمالات کے حاصل کرنے کی کوشش کر کے صحیح معنوں میں یادگار قائم کرنے والے بن سکتے ہیں۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا کمال بلکہ ان کے کمالات کی جان "حق و صداقت" تھی۔ آپ حق پر زندہ رہے اور حق پر جان دی اور دنیا کو سکھا دیا کہ سچائی کا پرستار قربان گاہ حق و صداقت پر اپنا تن من دھن بلکہ اہل و عیال ننگ و ناموس بھی قربان کرنے کو آمادہ رہتا ہے اور جب وقت آتا ہے تو سب کچھ قربان کر کے علمبردار حق و صداقت ثابت ہو جاتا ہے۔ اس تقریر کا جو اثر ہوا وہ حاضرین بزم ہی خوب جانتے ہیں لیکن اس سے فی الجملہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ صدر جلسہ مسٹر پینی نے جو ہندو تھے ابھی آخری تقریر میں حضرت قمر الواعظین کی تقریر کی تعریف کرتے ہوئے حاضرین سے خواہش کی کہ وہ فاضل مقرر کی تقریر سے اگر متاثر ہوئے ہیں تو جناب سید الشہدا علیہ السلام کے نقش قدم پر چل کر کامیابی سے دو چار ہوں اپنے حاضرین سے استفسار کیا کہ ہر مجمع میں

کس قدر اخلاص ہیں۔ جو حضرت امام حسین علیہ السلام کی زندگی کو نمونہ قرار دے کر ان کے راستہ پر چلنے کا عہد کرتے ہیں جو عہد کرنا چاہتے ہیں وہ ہاتھ اٹھا دیں۔ درحقیقت وہ منظر دیکھنے کے قابل تھا کہ ۲۵-۳۰ ہزار کے مجمع نے بلا اختلاف ہاتھ اٹھا دیئے اور حسینیت زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔ دوسرے دن یعنی حسب نظام العمل بعد مغرب جلسہ شروع ہوا۔ کل کی تقریر کا یہ اثر ہوا کہ دربار بھاؤنگر کے چند معزز حکام ایک مجمع کثیر کے ساتھ حضرت قمر الواعظین کی آمد کا انتظار جلسہ گاہ کے پھاٹک پر کر رہے تھے انکی تشریف لانے پر مشاہیر نے اظہار کیا کہ کل کی تقریر کا ہمارے قلوب پر یہ اثر ہوا ہے کہ ہم آپکا خیر مقدم کرنے کے واسطے دیر سے اس جگہ جمع ہیں۔ آج کے جلسہ میں مہاراجہ بہادر بھاؤنگر نے بھی شرکت فرمائی بہت سی تقریریں ہوئیں نظمیں پڑھی گئیں۔ جن میں واقف صاحب بمبئی والے بہت کامیاب رہے۔ حضرت قمر الواعظین کو آج چند مرتبہ اسٹیج پر آنا پڑا اور مہاراجہ کے آنے کے بعد آپ نے مختصر تقریر انگریزی میں اسلام پر کی جس کو سارے مجمع نے پسند کیا اور اسلام کا سچا علم بردار حضرت سید الشہدا علیہ السلام کو دلائل اور براہین و مسلمات غیر مسلمین سے ثابت کیا۔ ختم جلسہ پر آپ نے مہاراجہ بہادر سے روانگی کے وقت خواہش کی کہ وہ چند کلمے اپنے اظہار پسندیدگی کے (اگر ان کو پسند آیا ہو) فرما دیں وہ کچھ متامل ہو گئے اور حضرت خواجہ حسن نظامی و مسٹر ٹینی نے فرمایا کہ مہاراجہ بہادر کا شریک جلسہ ہونا آپ کی پسندیدگی کا اظہار ہے اس کو کافی سمجھا گیا اور جلسہ بخیر و خوبی برخاست ہوا۔

حضرت خواجہ صاحب نے دونوں دن چند بار تقریر فرمائی اور مسئلہ خلافت پر کافی روشنی ڈالی مسٹر ٹینی کی صدارتی و آخری تقریر نہایت مفید اور برمحل ثابت ہوئی۔ مولانا رشید ترابی ناسازی مزاج کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے۔ پنڈال نہایت شاندار اور خوشنما تھا۔ متعدد فوٹو لیئے گئے۔ حضرت قمر الواعظین نے ان تقاریر کے علاوہ ایک بڑے مجمع میں مجلس بھی پڑھی جو بہت مقبول ہوئی۔ باہر سے آنے والے مہمانوں کی تعداد [illegible] زیادہ تھی۔ وہ لوگ جو باہر سے غیر مسلم آئے تھے اور مہمان ہوئے تھے اُن کی تعداد بھی ہزاروں تک پہونچی مستورات کے واسطے پردہ کا انتظام تھا مہمانداری کا انتظام بہترین پیمانہ پر تھا اس واسطے علاوہ دیگر کام کرنے والوں کے خاص طور پر مسٹر محمد بھائی رفاہ علی بھائی مسٹر محمد علی نور محمد سیٹھ قاسم بھائی صبری بھائی خاص طور پر قابل ذکر ہیں خصوصاً جناب لوجی علی غلام علی صاحب مدیر راہ نجات علی محمد صاحب ترتیب مہمانداری کا انتظام بکا اثر مولوی عبدالشکور اور ان کے ہمنوا دیکھتے کہ حضرت امام عالی مقام کے ساتھ ہندو کس خلوص اور عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ (باقی آئندہ)

جن حضرات نے خطوں کا جواب نہیں دیا ہے وہ توجہ فرماویں انتظار ہے۔

از

(جناب سید العلماء مدظلہ العالی)

(گزشتہ سے پیوستہ)

ہماری سب سے پہلی مصیبت!

ہم دونوں بھائی مہر و محبت کی ایک بے پایاں فضا میں زندگی بسر کر رہے تھے کہ دفعتاً ہمارے جد بزرگوار حضرت محمد مصطفےٰ بیمار ہو گئے۔ میرا سن اگرچہ اس وقت کم تھا لیکن میں بھی اتنا اندازہ ضرور کر سکتا تھا کہ نانا کی بیماری کے زمانے ہی سے ہمارے لیے فضا ناخوش گوار پیدا ہونے لگی۔ ہمارے نانا برابر زبانی اپنے اہل بیت کیلیے تمام مسلمانوں کو وصیت کرتے رہتے تھے آپ نے اپنی بیماری کے زمانہ میں چاہا کہ اس وصیت کو تحریری صورت سے مکمل کر دیں مگر لوگوں نے آپ کو اس مقصد میں کامیاب نہ ہونے دیا اور تحریر لکھنے نہ دی۔ ہم کو اس وقت ہی واقعہ یہ سمجھا دینے کیلیے کافی تھا کہ فضا کیا ہے اور صورت حال کیا ہونے والی ہے؟

میرے نانا کے بعد

جد بزرگوار حضرت محمد مصطفےٰ کی وفات کے بعد میرے باپ علی مرتضیٰ اور مادر گرامی فاطمہ زہرا کو بڑی تکلیفیں اٹھانا پڑیں انتہا یہ ہے کہ میری ماں یہ شعر پڑھتی تھیں۔

صبت علیّ مصائب لو انھا   صبت علی الایام صرن لیالیا

یعنی میرے اوپر اتنی مصیبتیں پڑیں کہ اگر وہ دنوں پر پڑتیں تو شب تار ہو جاتے۔

آخر میری والدہ نے اسی حسرت و الم اور غم و یاس کے عالم میں دنیا سے سفر کیا۔

یہ میرے لیے دوسری مصیبت تھی

میرے والد بزرگوار کی طرف عام افراد کی جتنی توجہ دختر رسولؐ کی حیات میں تھی اتنی بھی بعد کو

باقی نہیں رہی۔ یقیناً اگر میرے والد اس وقت اس مذہب اسلام کے مفاد کو ملحوظ نہ رکھتے جس کے لیے آپ رسول کی زندگی میں اپنا خون پسینہ ایک کر چکے تھے تو اس وقت مسلمانوں میں ایک بہت بڑی خانہ جنگی برپا ہو جاتی۔ مگر میرے پدر بزرگوار نے دنیاوی سلطنت کی طرف سے بالکل بے رخی اور بے توجہی سے کام لیا۔ آپ نے اپنے حقوق کے زبانی اظہار پر اکتفا کر کے عملی مخالفت سے علیحدگی اختیار کی اور اس طرح اسلام کو ایک بڑی بربادی سے بچا لیا۔

یہ پہلا سبق تھا جو مجھے حاصل ہوا اور جو میرے لیے سلطنت دنیا سے بے اعتنائی کے لیے ایک بڑا نمونہ تھا۔

تین دور اسی طرح گزر گئے۔ چوتھی مرتبہ لوگوں نے میرے والد علی مرتضیٰ کو مجبور کیا کہ وہ حکومت کی ذمہ داریوں کو اپنے متعلق کریں۔ میں نے دیکھا کہ وہ جناب باوجود اس بات کے کہ اس کے پہلے ہمیشہ اپنے حق کا اعلان کرتے رہے تھے اس وقت باوجود لوگوں کے اصرار کے انتہائی انکار کر رہے تھے اور کسی طرح تیار نہ تھے، اس کا باعث یقیناً یہ تھا کہ اس وقت مسلمانوں کی عادتیں بگڑ چکی تھیں اور خلافت کے بارے میں زاویۂ نگاہ ہی میں تبدیلی ہو گئی تھی خلافت رسول بالکل حکومت دنیا اور سلطنت کے قالب میں ڈھل گئی تھی اور کسرویت و قیصریت کے آثار اس میں نمودار ہو گئے تھے۔ یہ چیز کسی طرح اس سادگی بے تصنعی کے ساتھ سازگار نہ تھی جسے دنیا میں میرے نانا نے پھیلایا تھا اور جس پر میرے باپ قائم تھے اسی کا نتیجہ تھا کہ میں نے دیکھا جب انتہائی اور حد سے گزرے ہوئے اصرار پر میرے والد تخت سلطنت پر بیٹھے تو دنیا آپ کے احکام کی پابندی اور آپ کی تعلیمات کی پیروی کے قابل ثابت نہیں ہوئی آپ کی مخالفت کا طوفان برپا ہو گیا۔ جمل اور صفین اور نہروان کی لڑائیاں ہوئیں اور آخر مسجد میں حالت نماز میں آپ کے سر پر زہر آلود تلوار لگائی گئی اور آپ دنیا سے رخصت ہوئے۔

یہ بڑا تلخ تجربہ تھا جو مجھے عینی مشاہدہ کی صورت میں حکومت و سلطنت سے متنفر بنانے کے لیے کافی ہوا۔

شام کی سلطنت پر میرے پورے خاندان بنی ہاشم کے دشمن بنی امیہ کا قبضہ تھا اسی خاندان کا ایک شخص معاویہ بن ابوسفیان دمشق کے تخت پر فرمانروا تھا۔ اسی خاندان کے ہاتھوں میرے نانا کو بہت تکلیفیں اٹھانا پڑی تھیں۔ اس معاویہ کی ماں ہندہ وہ تھی جس نے رسول کے چچا حمزہ کی لاش پامال کرائی تھی اور ان کا جگر منہ میں لیکر چبانا چاہا تھا۔ میرے والد سے بھی معاویہ برسرپیکار رہا تھا۔ میرے والد بزرگوار کے انتقال کے بعد میرے بڑے بھائی حسن مجتبیٰ سردار خلق ہوئے۔ حسن نے دیکھا کہ نتیجہ

خونریزی کے ساتھ بھی حالات کے اصلاح کی کوئی صورت نہیں ہے اس لیے آپ نے مخصوص شرائط کے ساتھ امیر شام کے ساتھ مصالحت کرلینا پسند کیا۔

ان شرائط مصالحت میں سب سے اہم شرط یہ تھی کہ معاویہ کو اپنے بعد کسی دوسرے شخص کو خلافت کیلیے نامزد کرنے کا حق نہ ہوگا بلکہ خلافت پھر بنی ہاشم کی طرف واپس آئے گی۔

اس صلح کے ساتھ مجھے بھی پورا اتفاق تھا۔ ہمارے جد بزرگوار اور ہمارے نانا کی تعلیم یہی تھی کہ جب تک حمایت باطل کی ذمہ داری اپنے اوپر نہ آتی ہو اس وقت تک صلح کو جنگ پر ترجیح حاصل ہے اور رواداری سے کام لینا مناسب ہے۔

ہمارے نانا نے "حدیبیہ" میں کفار قریش کے ساتھ اسی اصول پر صلح کی اور ہمارے والد بزرگوار نے صفین میں اہل شام کے ساتھ مصالحت اختیار کی۔ یہی اصول بھائی حسنؑ کے پیش نظر تھا مگر ہم نے دیکھا کہ اس کے بعد بھی میرے بھائی امام حسن کو اطمینانی زندگی بسر کرنے نہیں دی گئی اور آخر ایک مخفی سازش کے ساتھ زہر دلوا کر ان کی زندگی کو ختم کر دیا گیا مگر اس کے بعد بھی جب تک کہ کوئی واضح سبب نہ ہوتا مجھے کسی اقدام کا موقع نہ تھا۔ چنانچہ اس کے بعد دس برس تک میں بالکل خاموش رہا۔

تم سمجھ سکتے ہو کہ جوانی کا دور جو عام انسانی حیثیت سے جوش اور ولولہ کا عہد ہوتا ہے جس میں انسانی افعال زیادہ تر ہنگامی جذبات کے ماتحت ظاہر ہوتے ہیں یہ پورا دور میرا اس خاموش اور پُرامن فضا میں گذرا جو میرے والد علی بن ابی طالب کو ان کی گوشہ نشینی کے دور میں حاصل تھی۔

میری طبیعت میں صبر اور تحمل، ناگوار مشکلات کا برداشت کرنا بالکل راسخ ہوگیا تھا۔ اگر امام حسنؑ کی صلح میرے مذاق طبیعت کے خلاف ہوتی یا ان کے دباؤ سے میں نے اس صورت کو گوارا کیا ہوتا تو ان کی وفات کے بعد کافی موقع تھا کہ میں حالات میں انقلاب پیدا کرتا۔ مگر میں نے ایسا نہیں کیا اور دس برس کی طویل مدت اس کے بعد بھی گزار دی۔ اب تم سمجھ سکتے ہو کہ میری عمر ساٹھ برس کے قریب پہونچ چکی تھی اور یہ دور کسی جوش و خروش اور امنگ و ولولہ کا نہیں ہوتا۔ تم کو یہ سمجھنے کا حق حاصل ہے کہ مجھے حکومت وسلطنت کی کوئی ہوس تھی جبکہ میری سابقہ زندگی کے خود حالات اور میری نفسی ساخت کی شہادت اس کے خلاف گواہی دے رہے ہیں۔

(باقی آئندہ)

جن حضرات کے ذمہ بقایا بروقت چلی آتی ہے وہ فوراً توجہ فرمائیں جنھوں نے رقوم بھیجدی ہیں اُن کا شکریہ۔ (منیجر)

واقعۂ کربلا

اور

اُس کے اسباب و نتائج

از

علامہ پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم اے صدر شعبۂ فارسی
(لکھنؤ یونیورسٹی)

گاہ گاہے باز خواں ایں دفتر پارینہ را　　　تازہ خواہی داشتن گر داغہائے سینہ را

عرب میں قریش کا قبیلہ اپنی شرافت کے اعتبار سے نہایت ممتاز تھا کعبہ جو اسلام سے مدتوں پہلے بھی عرب کا سب سے بڑا عبادت خانہ اور مذہبیت اور تقدس کا سب سے بڑا مرکز تھا اس کی مجاوری کا فخر بھی اسی قبیلے کو حاصل تھا۔ اپنی مخصوص فضیلتوں کی بدولت یہ قبیلہ ایک مدت تک عزت کی قلمرو پر فرمانروائی کرتا رہا۔ آخر زمانے کی نظر لگ گئی، اور حسد نے پھوٹ کا بیج بو دیا۔ جب حضرت ہاشم کعبہ کے مجاور ہوئے اور اُن کی خدمتوں نے ان کو تمام عرب کا مخدوم بنا دیا تو اُن کا عروج و وقار ان کے بھتیجے اُمیّہ کی آنکھوں میں کھٹکنے لگا۔ اہل حسد کی اس زمانہ میں بھی کمی نہ تھی، اُمیہ نے انھیں کی مدد سے کوشش کی کہ عزت و سرداری کا تاج حضرت ہاشم کے سر سے اُتار لے مگر ناکامیوں نے مخالفت کے شعلوں کو ٹھنڈا کر دیا۔ تاہم دلوں میں یہ آگ سلگتی رہی۔

ہاشم کے بعد ان کے بیٹے عبدالمطلب اور پوتے ابوطالب خانہ کعبہ کے مجاور رہے۔ ہاشم کے عادات و اطوار ان کو ورثہ میں ملے تھے۔ انھوں نے بھی اس خدمت سے عظمت حاصل کی۔ اُمیہ اور اس کے بیٹے حرب نے ان دونوں کو بھی عزت کی مسند سے اُتارنا چاہا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ البتہ حسد اور عداوت کی جڑیں اور مضبوط ہوگئیں۔

جب ہاشم کے پرپوتے حضرت محمدؐ نے اپنی پیغمبری کا اعلان کر کے بت پرستی کی مخالفت اور وحدانیت کی تلقین شروع کی تو بنی اُمیّہ کو بڑا اندیشہ ہوا کہ اگر کہیں لوگوں نے حضرت محمدؐ کو خدا کا رسول اور اُن کے

سلام

(جناب سید ہاشم حسین صاحب ضو لکھنوی مقیم حیدرآباد)

[illegible] گر سب نشاں دیکھا کیے
شہ تصور میں نہ جانے کیا سماں دیکھا کیے

تشنہ بیں مسلم جو کوثر کا سماں دیکھا کیے
یوں لہو دوڑا کہ مٹتے جھریاں دیکھا کیے

نہر پہ عباس جب پہنچے تو چھپ چھپ کر لعیں
شیر کو لیتے ہوئے انگڑائیاں دیکھا کیے

ناصرانِ شاہِ دیں کٹتے تھے کیا حق میں نظر
کربلا کے ذرے ذرے میں جناں دیکھا کیے

حلق میں اصغر کے ٹپکاتے نہ تھا اتنا بھی آب
ہائے سب جھولے میں لیتے ہچکیاں دیکھا کیے

انتہائے صبر و استقلال و عزمِ شہ یہ تھا
خاک میں ملتے شباب نوجواں دیکھا کیے!

کیوں خلیل اللہ کہیے آپ سرور کی طرح
لختِ دل کو یوں رگڑتے ایڑیاں دیکھا کیے؟

ہو چکیں جب صبر کی طے ارتقائی منزلیں
شاہِ دیں مشکل میں بھی آسانیاں دیکھا کیے

دل پہ کیا گزری خدا جانے مگر بیکس حسین
گود میں اصغر کو لیتے ہچکیاں دیکھا کیے

جب چلے سرور تو چشمِ یاس سے اہلِ وطن
کارواں کے بعد گردِ کارواں دیکھا کیے

کربلا میں حضرت ایوبؑ و یعقوبؑ و خلیل
شہ کا استقلال وقتِ امتحاں دیکھا کیے

نزع میں بالیں پہ ضو کی تھے جدھر مشکل کشا
اقربا اُس سمت پھرتے پتلیاں دیکھا کیے

سلام

(نواب محمد معین خاں صاحب نسیم)

نہ ہوتا بچہ بچہ قتل رن میں شہ [illegible] داں کا
تو پھر کیوں کر نکھرتا رنگ احمد کے گلستاں کا

زبانِ کلک سے نقشہ کھینچے کس طرح زنداں کا
وہ تنہائی حرم کی اور وہ منظر یاس و حرماں کا

حمیت کوفیوں میں تھی نہ تھا کچھ پاس ایماں کا
بہا پایا جو ضیافت کے عوض خون اپنے مہماں کا

علی وہ بابِ شہرِ علم و حکمت ہے زمانے میں
ہے طفلِ مکتب اک روح الامیں جس کے دبستاں کا

عزیزوں کی طرح سے حر کو آلِ مصطفےٰ روئے
نثارِ شاہِ والا ہو کے پایا رتبہ سلماں کا

لبِ دریا لڑے عباسِ غازی یوں ہزاروں سے
نظر میں پھر گیا نقشہ جہادِ شاہِ مرداں کا

عمل چاہیے سنتِ مصطفیٰ پر — نگاہ مودت ہے مرتضیٰ پر
عقیدت ہے دل میں خیر النساء کی
بڑی شان ہے عترتِ مصطفیٰ کی
ہدایت انہیں سے نبوت انہیں سے — رسالت انہیں سے امامت انہیں سے
شریعت انہیں سے طریقت انہیں سے — نری معرفت کیا حقیقت انہیں سے
یہ ہیں پیشوا باخدا بھی یہی ہیں
سفینہ بھی یہ نا خدا بھی یہی ہیں

خدا کی پروردگاری

از قلم
(محمد عنایت اللہ روشن بدایونی)

بندہ پرور ہے عجب پروردگار — صدقے قربان اس کی قدرت کے نثار
سب کو دیتا ہے بڑا داتا ہے وہ — غیب سے ہر روز پہونچاتا ہے وہ
بیکسی میں یار وہ کس کا نہیں — اس کا حامی ہے کوئی جس کا نہیں
کیوں نہ بگڑوں کو بنائے کارساز — ذات اس کی ہے غنی وہ بے نیاز
جس کو چاہے مرتبے والا کرے — پل میں ہر ادنے کو وہ اعلےٰ کرے
زیرِ فرماں صاحبانِ تاج ہیں — اس کے درویش و غنی محتاج ہیں
حق تو یوں ہے وہ نہ جس کا یار ہو — مفلس و بیکس و ذلیل و خوار ہو
جس کو چاہے دولت کونین دے — دائما دونوں جہاں میں چین دے
ہر نفس واجب ہے شکر اس کا کرے — قہر سے اللہ کے ہر دم ڈرے
رزق سب کو عمر بھر دیتا ہے وہ — دکھ میں دکھیوں کی خبر لیتا ہے وہ

روشن اس کی مرحمت درکار ہے
مہرباں وہ ہو تو بیڑا پار ہے

type of the complex idea of the events at Karbala. The result will vary in different cases but the truth of what has been said will be recognised and appreciated. For instance in some cases there will be a similarity of congruity (or a recognition of those very events) as in the couplet quoted last of all. In others will be found similarity of quality (or ideas in one set of circumstances transplanted in another set) as in the couplet:—

Zor hi kea tha jafa-i-baghban dekha keay,
Ashyan ujra kiya ham natawan dakha keay.

